نہیں برتا۔ اُن کے مسلک کی غیر جانبدارانہ وضاحت تو الگ رہی انہوں نے جس انداز سے اُن کے اسمائے گرامی کا بھی ذکر کیا ہے وہ اُن جیسے وسیع النظر اور متوازن عالمِ دین کے مقام سے مطابقت نہیں رکھتا۔

کتاب کا معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے اور اندازِ بیان سلجھا ہوا ہے۔

---

مقامِ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین مرتب: جناب عاصم نعمانی صاحب۔ شائع کردہ: مکتبہ آئین۔ ریلوے روڈ، لاہور۔ صفحات ۷۱۔ قیمت نیوز پرنٹ ۶۰ پیسے۔ سفید کاغذ: ۸۵ پیسے۔

زیرِ نظر کتابچہ مدیر ترجمان القرآن کی تحریروں سے اخذ کردہ اُن اقتباسات پر مشتمل ہے جن میں صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تعریف و توصیف کی گئی ہے۔ غالباً یہ انتخاب ان غلط فہمیوں کے ازالے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے جو مختلف حلقوں کی جانب سے پھیلائی جاتی رہی ہیں۔

---

HOW TO SOLVE THE ECONOMIC PROBLEMS OF PAKISTAN

پاکستان کے معاشی مسائل کو کس طرح حل کیا جائے

تالیف: پروفیسر غلام اعظم صاحب قیم جماعت اسلامی مشرقی پاکستان۔ ملنے کا پتہ: دفتر جماعت اسلامی، محل پارا نیچ گاؤں، ڈھاکہ۔۸۔ قیمت دس نئے پیسے۔

یہ کتابچہ فاضل مصنف کی زیرِ تصنیف کتاب "تحریک اسلامی کا رہنما" کا ایک باب ہے۔ اس میں پروفیسر صاحب نے پورے استدلال کے ساتھ یہ بیان کیا ہے کہ پاکستان اس وقت جن معاشی الجھنوں سے دوچار ہے اس کا حل نہ تو سرمایہ دارانہ نظام میں مل سکتا ہے اور نہ اشتراکیت میں۔ بلکہ اس کے حل کی ایک ہی صورت ہے کہ اسلامی نظامِ حیات کو خلوص کے ساتھ اپنا لیا جائے۔ انہوں نے اسلامی اصولوں کے نفاذ کے لیے عملی تدابیر کا بھی ذکر فرمایا ہے۔

---

علماءِ ربانی کون ہیں؟ تالیف: مولانا محمد میاں نوشہروی۔ شائع کردہ: ادارہ عروج اسلام، قلعہ گوجر سنگھ، لاہور۔ قیمت ۴ آنے۔